# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 09 January-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۹/جنوری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ شہریوں کی سہولت کیلئے آن لائن خدمات میں اضافہ کرنے کی وزیرِ اعلیٰ کی انتظامیہ کو ہدایت۔

☆ مراٹھی زبان کو کلاسیکی زبان کا درجہ دینے کا سرکاری اعلامیہ مرکزی حکومت کی جانب سے جاری۔

☆ سڑک حادثات میں زخمی ہونے والوں کو ڈیڑھ لاکھ روپئے تک کے علاج کی کیش لیس اسکیم کا آغاز؛ ہٹ اینڈ رَن واقعات کے مہلوکین کے ورثاء کو دو لاکھ روپئے کی امداد۔

اور۔۔۔☆ تروپتی میں بھگدڑ؛ چھ افراد ہلاک؛ 46 زخمی۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

ریاست میں آن لائن خدمات میں اضافے کی ہدایت وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے دی ہے۔ وہ کل ممبئی میں منعقدہ ریاستی حقِ خدمات کمیشن کے جائزہ اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ ریاست کے شہریوں کیلئے ضروری خدمات بہ آسانی فراہم کرنے کی غرض سے ''آپلے سرکار سیوا پورٹل'' کے ذریعے فی الحال 536 آن لائن خدمات دی جارہی ہیں۔ جس سے شہری بڑے پیمانے پر استفادہ کر رہے ہیں۔ اس پسِ منظر میں آن لائن خدمات میں مزید اضافے کی ہدایات دی گئی ہیں۔ اس موقع پر وزیرِ اعلیٰ نے تلقین کی کہ فعال اور سہل طریقے سے اس پورٹل کے ذریعے شہریوں کو زیادہ سے زیادہ آن لائن خدمات کی فراہمی کی منصوبہ بندی کی جائے۔

***** ***** *****

نئی ممبئی پولس شعبے کی ''نشے سے پاک نئی ممبئی مہم'' کا کل وزیرِ اعلیٰ کی موجودگی میں آغاز عمل میں آیا۔ اس موقع پر انھوں نے کہا کہ منشیات کے خلاف لڑائی ہی دورِ حاضر میں صحیح حب الوطنی ہے۔ عوام سے اس لڑائی میں شامل ہونے کی اپیل کرتے ہوئے پھڑنویس نے کہا کہ آج کل منشیات کا کاروبار سماجی رابطوں کے ذریعے بھی ہونے کی بات سامنے آئی ہے۔ اس طرح کی کوئی بھی اطلاع یا شبہ ہونے پر ٹول فری نمبر آٹھ آٹھ، دو آٹھ، ایک ایک دو، ایک ایک دو پر مطلع کریں۔ اطلاع دینے والوں کی شناخت مکمل طور پر صیغۂ راز میں رکھی جائے گی۔ پھڑنویس نے کہا کہ ممکن ہے کہ کوئی منشیات فروشوں کے خلاف تنہاء نہیں لڑ سکے گا۔ تاہم اس لڑائی میں ہم اپنا حصہ ڈال سکتے ہیں اور ایک مخبر کا کام کرسکتے ہیں جو معاشرے کی بہت بڑی خدمت ہوگی۔ آج کے دور میں منشیات کی عادت کے خلاف لڑنا ہی حقیقی معنی میں دیش بھکتی ہوگی۔

اس پروگرام میں وزیرِ جنگلات گنیش نائیک، فلمی اداکار اور اس پروگرام کے سفیر جان ابراہم نئی ممبئی کے پولس کمشنر ملند بھارمبے اور دیگر اہم شخصیات موجود تھیں۔

***** ***** *****

مراٹھی زبان کو کلاسیکی زبان کا درجہ دینے سے متعلق سرکاری اعلامیہ مرکزی وزیرِ ثقافت گجیند رسنگھ شیخاوت نے کل ریاست کے وزیر برائے مراٹھی زبان اُدئے سامنت کے سپرد کیا۔ سامنت نے نئی دہلی میں شیخاوت سے ملاقات کی۔ بزرگ دانشور سدانند مورے اور ریاست کی نامزد کردہ کمیٹی کے سربراہ نیا نیشور مڑے بھی اس ملاقات میں شریک تھے۔ اجلاس کے بعد اخباری نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے مراٹھی کو کلاسیکی زبان کا درجہ دیئے جانے پر وزیرِ اعظم نریندر مودی اور ثقافتی اُمور کے وزیر شیخاوت کا انھوں نے شکریہ ادا کیا۔ انھوں نے کہا کہ مہاراشٹر کی عوام اور بالخصوص مراٹھی زبان بولنے والے افراد کا دیرینہ خواب پورا ہوا ہے۔ پراکرت زبان پر مہاراشٹر میں بھی بڑے پیمانے پر تحقیق جاری ہے اور اس کیلئے مزید فنڈ جاری کرنے کی درخواست مرکزی حکومت سے کی گئی ہے؛ جس پر گجیند رسنگھ شیخاوت نے مثبت ردّعمل دیا ہے۔

***** ***** *****

سڑک حادثات میں زخمی ہونے والے افراد کے کیش لیس علاج کی اسکیم مرکزی حکومت نے کل سے شروع کی ہے۔ اس کے تحت ڈیڑھ لاکھ روپئے تک کے علاج کیلئے کوئی نقد رقم کی ادائیگی ضروری نہیں ہوگی۔ مرکزی وزیر برائے زمینی حمل ونقل نتن گڈکری نے کل نئی دہلی میں یہ اعلان کیا۔ اس اسکیم سے متعلق مزید معلومات دیتے ہوئے گڈکری نے کہا:

*”ایکسیڈنٹ ہونے کے بعد تُرنت 24 گھنٹے کے اندر جیسے ہی پولس میں انفارمیشن جائے گی؛ وہ ڈاکٹر جو ہوگا؛ اس کو وہ جو پیشنٹ ایڈمٹ ہوگا؛ اس کو سات دِن تک ٹریٹمنٹ کا خرچہ یا میکزیمم ڈیڑھ لاکھ روپئے ہم تُرنت دینگے اس کی ٹریٹمنٹ کیلئے؛ بعد میں ہٹ اینڈ رَن وِکٹم جو ہے؛ اس میں بھی مرتیو ہوتی ہے؛ تو ہم دو لاکھ روپئے دیں گے۔“*

***** ***** *****

پریاگ راج میں آئندہ 13 جنوری تا 26 فروری مہاکمبھ 2025 کا انعقاد عمل میں آرہا ہے۔ اس کمبھ میلے کیلئے مرکزی وزیرِ اطلاعات ونشریات اَشونی ویشنو نے کل آکاشوانی کے ایک خصوصی گیت کا اجراء کیا۔ اسی دوران مرکزی وزیر برائے ثقافتی اُمور گجیند رسنگھ شیخاوت نے اُمید ظاہر کی ہے کہ اس کمبھ میلے میں 45 کروڑ سے زائد عقیدتمند شرکت کریں گے۔ اس کے علاوہ مرکزی وزیرِ مملکت برائے ہوابازی مرلی دھر موہوڑ نے نئے ٹرمینل عمارت کا معائنہ کیا اور بتایا کہ 15 جنوری سے پریاگ راج ہوائی اڈّے کا آغاز ہورہا ہے۔

***** ***** *****

**یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔**

***** ***** *****

آندھرا پردیش کے تروپتی میں کل ہوئی بھگدڑ کے واقعے میں چھ افراد ہلاک اور دیگر 40 افراد زخمی ہوگئے۔ تروپتی کے وِشنونواس اور راما نائیڈو اسکول کے قریب یہ واقعہ رُونماء ہوا۔ شدید زخمیوں کو اسپتال میں داخل کروادیا گیا ہے اور ان کا علاج جاری ہے۔ آندھرا پردیش کے وزیرِ اعلیٰ چندر بابو نائیڈو نے بھگدڑ میں عقیدت مندوں کی ہلاکت پر شدید غم کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے بذریعۂ فون زخمیوں کے علاج سے متعلق افسران سے گفت وشنید کی۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے بھی اس حادثے پر شدید رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے اس ضمن میں مرکزی حکومت کی جانب سے ہر ممکنہ تعاون کا تیقن دیا ہے۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کی جانب سے دیئے گئے سات نکاتی ایکشن پروگرام پر عمل درآمد کی ہدایت چھترپتی سمبھا جی نگر کے ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے تمام دفاتر کو دی ہیں۔ وہ کل چھترپتی سمبھا جی نگر میں مختلف محکموں کے جائزہ اجلاس سے مخاطب تھے۔ ڈویژن میں بیڑ، پربھنی اور دھاراشیو کے ضلع کلکٹرس نے بھی کل اس ضمن میں سات نکاتی پروگرام پر عمل آوری کے احکامات انتظامی افسران کو جاری کیے۔

***** ***** *****

بیڑ کے سول سرجن ڈاکٹر اشوک تھورات نے کہا ہے کہ ایچ ایم پی وی نامی عملِ تنفس کے عارضے سے گھبرانے کی ضرورت نہیں اور اس کا مقابلہ کرنے کیلئے بیڑ ضلع کا حفظانِ صحت شعبہ پوری طرح تیار ہے۔ دھاراشیو ضلع میں بھی اس سلسلے میں ضروری اقدامات کیے جانے کی اطلاع ضلع پریشد کے چیف ایکزیکیٹو افسر ڈاکٹر میناک گھوش نے دی ہے۔ لاتور میونسپل کارپوریشن کے شعبۂ صحت نے بھی شہریوں سے اس عارضے سے نہ گھبرانے اور ضروری ہدایات پر عمل کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

پربھنی میں ٹریفک حفاظتی ہفتے کے سلسلے میں کل ایک بیداری ریلی نکالی گئی۔ اس ریلی میں طلبہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ شرکاء نے ٹریفک حفاظتی نعرے تحریر کردہ بورڈز اُٹھا رکھے تھے۔

***** ***** *****

ریاستی پولس فورس کے یومِ تاسیس کے سلسلے میں دھاراشیو ضلع میں پرنڈا پولس اسٹیشن کی جانب سے مختلف پروگرام چلائے جارہے ہیں۔ ان میں اسکولی طلبہ کا پولس تھانوں کا دورہ، خواتین اور طالبات کی حفاظت سے متعلق رہنمائی، اسلحہ کی نمائش، بیداری ریلی اور دیگر شامل ہیں۔ یہ اطلاع ہمارے نامہ نگار نے دی۔

***** ***** *****

لاتور شہر میونسپل کارپوریشن کی جانب سے واجب الادا املاک ٹیکس کی ادائیگی سے متعلق مالکان کو کل 10 جنوری تک سود میں 75 فیصد کی رعایت دی جارہی ہے۔ میونسپل کمشنر اور ایڈمنسٹریٹر بابا صاحب منوہرے اس موقعے سے فائدہ اٹھانے اور اپنے ذمہ واجب الادا ٹیکس فوری ادا کرنے کی اپیل شہریوں سے کی ہے۔

***** ***** *****

نو بھارت خواندگی پروگرام کے تحت کل لاتور میں ایک ڈویژنل اور ضلعی سطح کا پروگرام منعقد کیا گیا۔ ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر گھوگے نے اس پروگرام کا افتتاح کیا۔ نو بھارت خواندگی پروگرام میں اساتذہ اور طلبہ سمیت معاشرے کے تمام طبقات کو پہل کرکے ہر ناخواندہ شہری کو خواندہ بنانے کی کوشش کرنے کی اپیل ورشا ٹھاکر گھوگے نے کی ہے۔ اس سلسلے میں کل ایک خواندگی ریلی بھی نکالی گئی۔

***** ***** *****

::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

- ☆ شہریوں کی سہولت کیلئے آن لائن خدمات میں اضافہ کرنے کی وزیرِ اعلیٰ کی انتظامیہ کو ہدایت۔
- ☆ مراٹھی زبان کو کلاسیکی زبان کا درجہ دینے کا سرکاری اعلامیہ مرکزی حکومت کی جانب سے جاری۔
- ☆ سڑک حادثات میں زخمی ہونے والوں کو ڈیڑھ لاکھ روپئے تک کے علاج کی کیش لیس اسکیم کا آغاز؛ ہٹ اینڈ رَن واقعات کے مہلوکین کے ورثاء کو دو لاکھ روپئے کی امداد۔

اور۔۔۔☆ اور ترو پتی میں بھگدڑ؛ چھ افراد ہلاک؛ 46 زخمی۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**